یورپین یونین الیکشن جائزہ کار مشن

اسلامی جمہوریہ پاکستان،

عام انتخابات 2013

Press Release : EU EOM/2013/03
Date: Islamabad 23/04/2013

For Immediate Release

یورپین یونین کے سربراہ کا لاہور اور کراچی کا دورہ اور بلوچستان کے سیاسی رہنماؤں سے ملاقات

یورپین یونین مبصر مشن کے سربراہ مائیکل گاہلر نے انتخابی مراحل کا جائزہ لینے کے لئے پاکستان کے دو صوبوں پنجاب اور سندھ کا تین روزہ دورہ مکمل کرلیا ہے۔ اپنے سہ روزہ دورے میں اُنھوں نے صوبوں میں انتخابی مراحل کی نگرانی پر متعین الیکشن کمیشن حکام، نگراں حکومت کے افسران، سیاسی جماعتوں کے سربراہوں، سول سوسائٹی اور میڈیا کے نمائندوں سے ملاقاتیں کیں۔ مائیکل گاہلر نے اپنے اس دورے کے دوران کراچی میں بلوچستان نیشنل پارٹی (مینگل) اور پختون خواہ ملی عوامی پارٹی کے سینئر رہنماؤں سے بھی ملاقات کی۔ مائیکل گاہلر نے اپنے اس دورے کے بارے میں کہا کہ ''میں نے اس دورے میں ملکی عام انتخابات میں اہم کردار ادا کرنے والی کئی اہم شخصیات سے ملاقات کی۔ چونکہ سیکورٹی خدشات کے باعث بلوچستان میں دیگر صوبوں کی طرح طویل دورانیے کے یورپین یونین کے مبصرین کی تعیناتی نہیں کی جاسکی اس لئے مجھے اس بات کی انتہائی خوشی ہے کہ مجھے سندھ میں رہ کر بلوچستان کے اہم سیاسی رہنماؤں سے ملاقات کا موقع ملا۔ ہم اپنے اس جائزہ مشن میں بلوچستان سمیت پاکستان کے تما علاقوں کا باریک بینی سے جائزہ لیں گے۔''

یورپین یونین مبصرین مشن اسلام آباد سمیت پاکستان کے تین صوبوں میں طویل دورانیہ کیلئے اپنے مبصرین تعینات کرچکا ہے جو انتخاب کے آخری روز تک وہاں تعینات رہیں لیکن سیکورٹی خدشات کے باعث بلوچستان اور پاکستان کے قبائلی علاقوں فاٹا میں ان مبصرین کو تعینات نہیں کیا جاسکا مگر ان علاقوں کے انتخابی معاملات کا جائزہ قریبی علاقوں میں لگائے گئے بیس کیمپوں کے ذریعے لگایا جائے گا۔

یورپین یونین کے مبصرین مشن کے سربراہ مائیکل گاہلر نے اس سلسلے میں کہا کہ ''بدقسمتی سے ان ملکی انتخابات میں تشدد کا عنصر بھی ہوتا ہے، سیاسی جماعتوں پر کوئی حملہ یا انتخابات میں کوئی بھی تخریبی کاروائی دراصل جمہوریت پر حملے کے مترادف ہوتی ہے اس لئے ہم توقع رکھتے ہیں اس قسم کی کاروائیوں سے اجتناب کیا جائے گا اور تمام متعلقہ ذرائع ان کو پرامن اور صاف وشفاف بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔''

مبصر مشن کے سربراہ مائیکل گاہلر اپنے گیارہ ماہرین اور 52 رکنی طویل دورانیہ کے مبصرین اور 46 مختصر دورانیہ کے لئے آنے والے مبصرین کیساتھ ملک بھر میں اپنا جائزہ مشن جاری رکھیں گے جس میں تمام تر انتخابی معاملات اور ماحول کا انتخابات کے اختتام تک باریک بینی سے جائزہ لیا جائے گا۔ جائزہ مشن میں پاکستان میں رہائش پذیر رکن ممالک کے ڈپلومیٹک کمیونٹی کے افراد بھی اس مشن میں شامل ہوکر اپنی جائزہ رپورٹ پیش کریں گے۔ انتخابات کے اختتام کے فوری بعد مشن کی طرف سے ایک بنیادی جائزہ رپورٹ پیش کی جائیگی جبکہ جامع اور مفصل رپورٹ انتخابات کے تقریباً دو ماہ بعد پیش کی جائیگی جو مشن کی تجاویز اور سفارشات پر مبنی ہوگی۔

نوٹ برائے ایڈیٹرز صاحبان:

یورپین یونین الیکشن مبصر مشن دیگر یورپین اداروں اور رکن ممالک کے اثر ورسوخ سے بالاتر ہوکر اپنے امور سرانجام دیتا ہے۔ مبصر مشن 2005 میں اقوام متحدہ کی طرف سے انتخابات کی مانیٹرنگ کے لیے مروجہ معاہدے ڈیکلریشن آف پرنسپلز فار انٹرنیشنل الیکشن آبزرویشن کے تحت کام کرتا ہے۔

مزید معلومات اور شرکت کیلئے رابطہ کریں

مسٹر پیٹر باسٹن ہالبرگ
(پریس آفیسر)
+92 0303 777 6412
E-mail: peter-bastian.halberg@eueompakistan.eu

EU EOM Pakistan

Hotel Serena, Islamabad
Tel +92(0)51-2600146-49 & Fax +92(0)51-2600150

Press Officer Peter-Bastian Halberg +92 (0)3037776412
peter-bastian.halberg@eueompakistan.eu
www.eueompakistan.eu